دی گئی عبارت غور سے پڑھیئے اور دیئے گئے سوالات کے جوابات دیجئے۔

آمنہ دوسری جماعت کی طالبہ تھی۔ اُسے گڑیوں کے ساتھ کھیلنے کا بہت شوق تھا۔ اُس کے پاس تین گڑیاں تھیں۔ سب سے بڑی گڑیا کا نام جولی تھا۔ اُس کے بال لمبے اور سنہرے تھے۔ آمنہ اُسے بہت پسند کرتی تھی۔ اُس سے چھوٹی گڑیا کا نام روبی تھا۔ اُس کے بال بھورے تھے اور سب سے چھوٹی گڑیا کا نام مُنی تھا جس کے چھوٹے چھوٹے کالے بال تھے۔ آمنہ پڑھائی سے فارغ ہو کر روزانہ اپنی گڑیوں سے کھیلا کرتی تھی۔ وہ اِن کے بال بناتی اوراِن کو نئے نئے لباس پہناتی۔ ایک دن وہ اپنی گڑیوں سے کھیل رہی تھی کہ اُس کی ملازمہ جو اُس کے پاس بیٹھی تھی اچانک رونے لگی۔ آمنہ اُسے روتے دیکھ کر پریشان ہو گئی اور اُس کے رونے کی وجہ پوچھی۔ ملازمہ نے بتایا کے اُس کی بیٹی کو بھی گڑیوں کا بہت شوق ہے لیکن میں غریب ہوں اور اُسے گڑیا خرید کر نہیں دے سکتی۔ یہ سن کر آمنہ کو بہت ترس آیا اُس نے اپنی بڑی گڑیا ملازمہ کو دے دی اور کہا کہ یہ میری طرف سے تمھاری بیٹی کے لیے تحفہ ہے۔ آمنہ کے امّی ابّو یہ سب دیکھ رہے تھے، وہ بہت خوش ہوئے اور اُسے شاباش دی۔ اگلے روز جب آمنہ سو کر اُٹھی تو اُس نے دیکھا کہ اُس کے سرہانے دو گڑیاں پڑی تھیں ااور اُس کے امّی ابّو پاس کھڑے مسکرا رہے تھے۔

سوال نمبر ا۔ مندرجہ ذیل سوالات کے درست جوابات کے گرد دائرہ لگائیے۔ (۲)

ا۔ آمنہ کس جماعت میں پڑھتی تھی؟

- پہلی
- دوسری
- تیسری

۲۔ آمنہ کے پاس کتنی گڑیاں تھیں؟

- دو
- تین
- پانچ

۳۔ بڑی گڑیا کے بال کس رنگ کے تھے؟

- سنہرے
- بھورے
- کالے

۴۔ آمنہ کس کو روتے دیکھ کر پریشان ہو گئی؟

- امّی
- دوست
- ملازمہ

سوال نمبر ۲۔ درج ذیل بیانات میں سے دُرست بیان کے سامنے (✓) اور غلط بیان کے سامنے (✗) کا نشان لگائیے۔ (۲)

۱۔ بڑی گڑیا کا نام جولی تھا۔

۲۔ آمنہ کی ملازمہ ایک غریب عورت تھی۔

۳۔ آمنہ کو دو گڑیاں اور مل گئیں۔

۴۔ سب سے چھوٹی گڑیا کے بال بھورے تھے۔

سوال نمبر ۳۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تفصیل سے لکھیے۔

۱۔ آمنہ پڑھائی سے فارغ ہو کر کیا کرتی تھی؟ (۱)

____

____

۲۔ آمنہ اپنی گڑیوں کا خیال کس طرح رکھتی تھی؟ (۱)

____

____

۳۔ ملازمہ گڑیا کو دیکھ کر کیوں رونے لگی؟ (۱)

۴۔ آپ کے خیال میں آمنہ کے امّی ابّو نے اسے نئی گڑیا کیوں لا کر دی؟ (۱)